منصف

22 AUG 2010

مانو میں تحقیق کے طریقۂ کار پر ورکشاپ

حیدرآباد۔21اگست (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ، یو جی سی - مرکز فروغ انسانی وسائل (ایچ آر ڈی سی) کے زیر اہتمام تحقیق کے طریقۂ کار پر پیر کو ورکشاپ کا افتتاح ہوا۔ یہ ورکشاپ 24 اگست تک جاری رہے گا۔ ورکشاپ میں آندھرا پردیش، تلنگانہ، مہاراشٹرااور کرناٹک کے مختلف ڈگری کالجوں/ یونیورسٹیوں سے سماجی علوم کے 42 اساتذہ حصہ لے رہے ہیں۔ پروفیسر اسیم پرکاش، سنٹر پبلک پالیسی، ٹاٹا انسٹیٹیوٹ آف سوشیل سائنسس (TISS) نے افتتاحی اجلاس میں تحقیق کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے تحقیق میں قدروں اور حقائق کی اہمیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مواد کو اکٹھا کرنا اور اس کے اعداد و شمار کی تشریح دونوں ہی چیلنج سے پر ہیں۔ انہوں نے مختلف نظریات سے تحقیق کے ارتباط پر بھی روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر ایم اے سکندر، رجسٹرار اور انچارج ڈائرکٹر نے تحقیق کے تعلق سے اپنے تجربات سے شرکا کو واقف کروایا۔

منصف

22 AUG 2019

مانو کے لیے میٹرو کی شٹل بس سروس

حیدرآباد۔ 21 اگست (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی سے ہائی ٹیک سٹی میٹرو اسٹیشن تک میٹرو ریل شٹل سروس کی بسیں چلائی جارہی ہیں۔ انہیں صبح 7 بجے تا شام 8 بجے تک آدھے گھنٹے کے وقفے سے چلایا جارہا ہے۔ میٹرو ریل کا استعمال کرنے کے خواہشمند طلبہ و اسٹاف ان بسوں سے استفادہ کرسکتے ہیں۔

M

منصف 22 AUG 2019

مانو فاصلاتی کورسز، رجسٹریشن کے شیڈول پر نظرثانی

حیدرآباد۔21 اگست (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ، نظامت فاصلاتی تعلیم میں پہلے سے چل رہے کورسز (فالوآن کورسز) میں گریجویشن کے لیے سال دوم و سوم اور پی جی کے لیے سال دوم میں رجسٹریشن یا ری رجسٹریشن کے شیڈول پر نظر ثانی کی گئی ہے۔ پروفیسر پی فضل الرحمن، ڈائرکٹر انچارج کے بموجب طلبہ متعلقہ سال میں رجسٹریشن یا دوبارہ رجسٹریشن 29 اگست تا30 ستمبر 2019 کیا جاسکتا ہے۔ طلبہ کے لیے رجسٹریشن فیس جس میں امتحان فیس بھی شامل ہے ادا کرنی ہوگی۔ اعظم ترین مدت کے بعد یو جی/ پی جی کورسز میں دوبارہ رجسٹریشن کے لیے کورس کی متعلقہ فیس جس میں امتحان فیس شامل ہے کے ساتھ دوبارہ رجسٹریشن فیس 1000 ادا کرنی ہوگی۔ بیک لاگ پرچوں کے لیے دوبارہ رجسٹریشن فیس 1000 روپے اور پی جی کے لیے فی پرچہ 400 روپے، یو جی کے لیے فی پرچہ 300 روپے رکھی گئی ہے۔